استفتاء

فقہی مقالات جلد ۱ صفحہ نمبر ۲۶۶ سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان انجینئر کے لیے غیر مسلموں کے عبادت خانے یا ان کا ڈیزائن اور نقشہ تیار کرنا جائز نہیں اور یہ ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان میں داخل ہے۔

جبکہ کتب فقہ میں یہ جزئیہ ملتا ہے: جاز تعمیر کنیسۃ

احسن الفتاوی: ۷/۳۰۹ پر مفتی رشید صاحب رحمہ اللہ کا فتوی ہے: "مندر کی تعمیر یا مرمت جائز اجرت پر جائز ہے مگر کراہت سے خالی نہیں۔

اس مسئلہ کی تحقیق مطلوب ہے۔

بینوا توجروا

سائل: محمد انس عبدالرحیم

دار الافتاء مدرسہ تعلیمات قرآنیہ

پیتل گلی، گلبہار نمبر ۱ کراچی

۱۶ جمادی الثانیہ ۱۴۳۳ھ

10249

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب حامداً ومصلياً ومسلماً

ہر ایسی صورت جس میں آدمی کسی معصیت کا سبب بن رہا ہو، لیکن سبب اور مسبب کے درمیان فاعل مختار کا واسطہ ہو، تو اس میں فقہاء کرام رحمہم اللہ کا اختلاف ہے، حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک یہ شرعاً ممنوع نہیں؛ کیونکہ فاعل مختار کے فعل کی وجہ سے معصیت کی نسبت شخص مذکور سے منقطع ہو چکی ہے، لیکن حضرت امام ابو یوسفؒ اور حضرت امام محمدؒ رحمہما اللہ کے نزدیک اگرچہ سبب قریب اور مسبب کے درمیان فاعل مختار کا واسطہ ہو تب بھی یہ فعل مکروہ ہے، اسی وجہ سے ایسے کام کی اجرت میں بھی اختلاف ہے، البتہ اس میں اتفاق ہے کہ یہ شخص اعانت علی المعصیہ کی وجہ سے گناہگار ہوگا، لہذا "فقہی مقالات" میں کنیسہ وغیرہ کا نقشہ اور ڈیزائن بنانے کو جو ناجائز کہا ہے اس کا مطلب اس عمل کا ناجائز ہونا ہے، اور "احسن الفتاوی" میں جو جواز ذکر کیا گیا ہے اس سے مراد بظاہر اجرت کا جائز اور حلال ہونا ہے۔

رد المحتار (٢٦/ ٤٨١):

وجاز تعمير كنيسة) قال في الخانية : ولو آجر نفسه ليعمل في الكنيسة ويعمرها لا بأس به لأنه لا معصية في عين العمل (قوله وحمل خمر ذمي) قال الزيلعي : وهذا عنده وقالا هو مكروه " لأنه عليه الصلاة والسلام { لعن في الخمر عشرة وعد منها حاملها } " وله أن الإجارة على الحمل وهو ليس بمعصية ، ولا سبب لها وإنما تحصل المعصية بفعل فاعل مختار ، وليس الشرب من ضرورات الحمل ، لأن حملها قد يكون للإراقة أو للتخليل ، فصار كما إذا استأجره لعصر العنب أو قطعه والحديث محمول على الحمل المقرون بقصد المعصية ا هـ زاد في النهاية وهذا قياس وقولهما استحسان ، ثم قال الزيلعي : وعلى هذا الخلاف لو آجره دابة لينقل عليها الخمر أو آجره نفسه ليرعى له الخنازير يطيب له الأجر عنده وعندهما يكره

بدائع الصنائع (٩/ ٣٦٥):

ومن استأجر حمالا يحمل له الخمر فله الأجر في قول أبي حنيفة وعند أبي يوسف ، ومحمد لا أجر له كذا ذكر في الأصل ، وذكر في الجامع الصغير أنه يطيب له الأجر في قول أبي حنيفة ، وعندهما يكره لهما أن هذه إجارة على المعصية ؛ لأن حمل الخمر معصية لكونه إعانة على المعصية ، وقد قال الله عز وجل { : ولا

10250

تعاونوا على الإثم والعدوان } ولهذا لعن الله تعالى عشرة : منهم حاملها والمحمول إليه ولأبي حنيفة إن نفس الحمل ليس بمعصية بدليل أن حملها للإراقة والتخليل مباح وكذا ليس بسبب للمعصية وهو الشرب ؛ لأن ذلك يحصل بفعل فاعل مختار

خلاصة الفتاوي (٣،١٤٩)الشيخ طاهر بن عبد الرشيد البخاري رحمه الله

إذا استاجروا مسلما ليبني لهم بيعة أو كنيسة للنصارى فإن الأجر يطيب له وكذا إذا استاجروا رجلا لنحت له ------- يطيب له الأجر إلا إنه أثم به لأنه اعانة على المعصية

الهداية شرح البداية (٤/ ٩٤):

(ومن آجر بيتا ليتخذ فيه بيت نار أو كنيسة أو بيعة أو يباع فيه الخمر بالسواد فلا بأس به) وهذا عند أبي حنيفة رحمه الله وقالا لا ينبغي أن يكريه لشيء من ذلك لأنه إعانة على المعصية وله أن الإجارة ترد على منفعة البيت ولهذا تجب الأجرة بمجرد التسليم ولا معصية فيه وإنما المعصية بفعل المستأجر وهو مختار فيه فقطع نسبته عنه قال(ومن حمل لذمي خمرا فإنه يطيب له الأجر عند أبي حنيفة رحمه الله وقال أبو يوسف ومحمد رحمهما الله يكره له ذلك)-------والله أعلم بالصواب

محمد نعمان خالد عفی عنہ

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

١٩، ذوالقعدہ ١٤٣٣ھ

الجواب صحیح

احقر محمود اشرف غفر اللہ

٢٠/١١/١٤٣٣ھ

الجواب صحیح

شبیر محمد تقی عثمانی عفی عنہ

٢٠-١١-٣٣ھ ٢١ ذوالقعدہ ١٤٣٣ھ

الجواب صحیح

صفر علی ربانی

٢٠/١١/١٤٣٣ھ

10251